

عصرِ حاضر

حدیثِ نبویؐ کے آئینے میں



حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہیدؒ

مکتبہ لدھیانوی

عصرِ حاضر

حدیثِ نبوی کے آئینے میں

حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید رحمہ اللہ تعالیٰ

مکتبہ لدھیانوی
18- سلام کتب مارکیٹ بنوری ٹاؤن کراچی
دفترِ ختم نبوت پرانی نمائش ایم اے جناح روڈ کراچی
0321-2115502, 0321-2115595, 0321-2115311

نام کتاب : عصر حاضر حدیثِ نبوی کے آئینے میں

مصنف : حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید رحمہ اللہ

اشاعت جدید : مئی 2010

ناشر : مکتبہ لدھیانوی

مکتبہ لدھیانوی

18- سلام کتب مارکیٹ بنوری ٹاؤن کراچی

دفتر ختم نبوت پرانی نمائش ایم اے جناح روڈ کراچی

0321-2115502, 0321-2115595, 0321-2115311

۱۷

دجالی فتنہ اور نئے نئے نظریات

”عَنْ مسلم بن یسار انه سمع ابا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُوْنُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ دَجَّالُوْنَ كَذَّابُوْنَ، يَأْتُوْنَكُمْ مِنَ الْاَحَادِيْثِ مَا لَمْ تَسْمَعُوْا اَنْتُمْ وَلَا آبَاؤُكُمْ، فَاِيَّاكُمْ وَاِيَّاهُمْ! لَا يُضِلُّوْنَكُمْ وَلَا يُفْتِنُوْنَكُمْ!“

(صحیح مسلم ج:۱ ص:۱۰)

ترجمہ:...... ”حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آخری زمانے میں بہت سے جھوٹے مکار لوگ ہوں گے جو تمہارے سامنے (اسلام کے نام سے نئے نئے نظریات اور) نئی نئی باتیں پیش کریں گے جو نہ کبھی تم نے سنی ہوں گی اور نہ تمہارے باپ دادا نے، ان سے بچنا! ان سے بچنا! کہیں وہ تمہیں گمراہ نہ کردیں، اور فتنہ میں نہ ڈال دیں!“

۱۸

علمائے سوء کا فتنہ

”عَنْ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوْشِكُ اَنْ يَّأْتِيَ عَلَى

النَّاسِ زَمَانٌ لَّا يَبْقٰى مِنَ الْاِسْلَامِ اِلَّا اسْمُهٗ، وَلَا يَبْقٰى مِنَ الْقُرْآنِ اِلَّا رَسْمُهٗ، مَسَاجِدُهُمْ عَامِرَةٌ وَهِيَ خَرَابٌ مِّنَ الْهُدٰى، عُلَمَاءُهُمْ شَرٌّ مَّنْ تَحْتَ اَدِيْمِ السَّمَاءِ، مِنْ عِنْدِهِمْ تَخْرُجُ الْفِتْنَةُ وَفِيْهِمْ تَعُوْدُ۔"

(رواه البيهقي في شعب الايمان، مشکوٰۃ شریف ص:۳۸)

ترجمہ:...... "حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب ایک زمانہ آتا ہے جس میں اسلام کا صرف نام باقی رہ جائے گا، اور قرآن کے صرف الفاظ باقی رہ جائیں گے، اُن کی مسجدیں بڑی بارونق ہوں گی مگر رُشد و ہدایت سے خالی اور ویران، ان کے (نام نہاد) علمأ آسمان کی نیلی چھت کے نیچے بسنے والی تمام مخلوق سے بدتر ہوں گے، فتنہ ان ہی کے ہاں سے نکلے گا اور ان ہی میں لوٹے گا (یعنی وہی فتنہ کے بانی بھی ہوں گے، اور وہی مرکز و محور بھی)۔"

۱۹

اہلِ حق کا غیر منقطع سلسلہ

"عَنْ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا يَزَالُ مِنْ اُمَّتِيْ اُمَّةٌ قَائِمَةٌ بِاَمْرِ اللّٰهِ! لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ وَلَا مَنْ خَالَفَهُمْ، حَتّٰى يَاْتِيَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ عَلٰى ذَالِكَ۔"

(متفق علیہ۔ مشکوٰۃ شریف ص:۵۸۳)